توہینِ رسالتؐ کے
مقدمات میں تفتیش کا طریقہ کار

بحوالہ

تعزیراتِ پاکستان 1860ء

ضابطہ فوجداری (ترمیمی) ایکٹ 2005ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانونؒ انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

توہینِ رسالتؐ کے

مقدمات میں تفتیش کا طریقہ کار

سوال 1۔ توہینِ رسالتؐ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ اس سے مراد الفاظ کے ذریعے خواہ زبانی ہوں یا تحریری یا تہمت یا الزام لگانے سے یا خاکے بنا کر یا اشاروں کناروں سے براہِ راست یا بالواسطہ رسول پاک ﷺ کے مقدس نام کی بے حرمتی کرنا ہے۔

سوال 2۔ توہینِ رسالتؐ کے جرم کی سزا کس قانون کے تحت دی جاتی ہے؟

جواب۔ توہینِ رسالتؐ کے جرم کی سزا تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 295-C کے تحت مقرر کی گئی ہے۔

سوال 3۔ تعزیراتِ پاکستان میں توہینِ رسالتؐ کے جرم کی کیا سزا مقرر کی گئی ہے؟

جواب۔ توہینِ رسالتؐ کے جرم کی سزا، سزائے موت ہو گی اور اس پر جرمانہ بھی واجب ہو گا، یہ جرم قابلِ دست اندازی پولیس ہے۔

سوال 4۔ قابلِ دست اندازی پولیس جرم سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ قابلِ دست اندازی پولیس جرم سے مراد ایسا جرم ہے جس میں پولیس مجرم کو بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکتی ہے۔

سوال 5۔ توہینِ رسالتؐ کے مجرم کو سزا دینے کے لئے کتنے گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

جواب۔ اس جرم کی سزا دینے کے لئے اس بات کا کوئی خیال نہیں رکھا جاتا کہ ایسے فرد نے اعلانیہ طور پر یا چھپ کر ایسی حرکت کی ہے۔ لہٰذا صرف ایک شخص کی گواہی دینے پر بھی توہینِ رسالتؐ کے مجرم کو سزا دی جا سکتی ہے۔

سوال 6۔ کون سے افراد توہینِ رسالتؐ کے مقدمات کی تفتیش کرنے کا اختیار رکھتے ہیں؟

جواب۔ ضابطہ فوجداری کے تحت توہینِ رسالتؐ کے تحت درج کئے گئے مقدمات کی تفتیش کوئی بھی ایسا پولیس افسر کر سکتا ہے جس کا عہدہ سپرینٹنڈنٹ پولیس سے کم نہ ہو۔

سوال 7۔ توہینِ رسالتؐ سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی توہینِ رسالتؐ سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں:

(1) قانون و انصاف کمیشن، حکومتِ پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، فون نمبر 739-739-111، ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) تعزیراتِ پاکستان 1860ئ۔

(5) ضابطہء فوجداری (ترمیمی) ایکٹ 2005ئ۔